ماؤس

ماؤس ⇐ ماؤس ایک پوائنٹنگ ڈیوائس ہے جو ان پٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ پوائنٹنگ ڈیوائس ایسی ڈیوائس کو کہتےجو صارف کو اسکرین پر کنٹرول مہیا کرے اور کسی جگہ کو پوائنٹ کرنے کی سہولت مہیا کرے۔

ماؤس کے استعمالات

اس کا استعمال گرافیکل یوزر انٹرفیس کے ماحول میں کیا جاتا ہے۔ جس میں ماؤس کے ذریعے اسکرین پر موجود آبجیکٹس کو سلیکٹ کر کے مطلوبہ عمل سرانجام دیا جاتا ہے۔ پوائنٹنگ ڈیوائس کو ہم داخلی تبدیل کرنے ، ٹیکسٹ کو نامزد کرنے ، گرافکس کی جگہ تبدیل کرنے، بیٹن، آئیکن لنک اور مینو پر کلک کرنے کے لئے استعمال میں لاتے ہیں۔ ماؤس پوائنٹنگ ڈیوائس کی ایک عام مثال ہے۔ اس کے علاوہ ٹریک بال ٹچ پیڈاور پوائنٹنگ سٹک ، وغیرہ بھی پوائنٹنگ ڈیوائسز کی مثالیں ہیں۔ ماؤس ہماری ہتھیلی کے نیچے آرام اور آسانی سے آجاتا ہے۔ ماؤس کی مدد سے صارف پوائنٹر کو کنٹرول کرتا ہے جس کو عموما اس کیس میں ماس پوائنٹر کہا جاتا ہے۔ جیسے جیسے ہم ماؤس کو حرکت آبجیکٹ کو ہم پوائٹ کرنا چا ہیں ہم وہاں اپنا پوائنٹر لے جاتے ہیں اور پھر اپنے مطلوبہ ہدف کے لئے اس پر کلک کر دیتے ہیں ۔ اور وہ فنکشن ادا ہو جاتا ہے جو اس کے ساتھ منسلک ہوتا ہے۔ ویسے ہی پوائنٹر سکرین ڈیسک ٹاپ پر حرکت کرتا ہے ۔ جس آئیکن ، بٹن یا ماؤس کو کمپیوٹر کے ساتھ مختلف طریقوں سے منسلک کیا جا سکتا ہے ۔ مثال کے طور پر ماؤس پورٹ یا یو ایس بی پورٹ وغیرہ۔

ماؤس کی ساخت

ماؤس کے اپری حصے پر ایک سے چار بٹن ہو سکتے ہیں اور کچھ کے اوپر ایک چرخی بھی ہو سکتی ہے۔ ماؤس کا نچلا حصہ عموماً فلیٹ ہوتا ہے جس میں ماؤس کی حرکات وسکنات کو نوٹ کرنے کا طریقہ کار ہوتا ہے۔ آج کل زیادہ تر ماؤس آپٹیکل ماوس ہوتے ہیں جو لائیٹ کو خارج کرنے اور اس کا اروا‌ک کر کے ماؤس کی حرکات کو نوٹ کرتے ہیں۔ آپٹیکل ماؤس کو ہر سطح پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کچھ ماؤس آپٹیکل سنسر رکھتے ہیں اور کچھ لیزر لیزر سفر رکھنے والے ماؤس کو لیزر ماؤس کہتے ہیں۔ لیزر ماؤس دوسری اقسام کے ماؤس سے مہنگے ہوتے ہیں اب کچھ نئے ماڈلز میں لیزر اور آپٹیکل دونوں کی خوبیوں کو یکجا کیا جارہا ہے تا کہ صارف ماؤس کو کارپٹ سے لے کر پارک کے بچوں کے اوپر بھی استعمال کر سکے ۔ کچھ ماؤس تو بہت ہی زیادہ حساس ہوتے ہیں جو گرانش یا کیم وغیرہ پھیلنے کے لئے استعمال کیے جاتے ہیں۔

ماؤس کی اقسام

لیزر ماؤس جدید ماؤس کی ایک شکل ہے۔ لیزر ماؤس لیزر بیم یا انفراریڈ ٹیکنالوجی کا استعمال بروئے کار لاکر بنائے جاتے ہیں۔ یہ آپٹیکل ماؤس کے مقابلے میں زیادہ کل ، تیز اور درست کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ائیر ماؤس ماؤس کی ایک نئی قسم ائیر ماؤس ہے ۔ ائیر ماؤس کو کام کرنے کے لئے کسی ٹھوس سطح کی ضرورت نہیں۔ ائیر ماؤس ہاتھ کی حرکات کو نوٹ کر کے اپنا کام انجام دیتا ہے۔ اس لیے اس کو موشن سینسنگ بھی کہا جاتا ہے۔ ائیر ماؤس سلائیڈ شو اور میڈ یا پلیرز کے لئے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ وائرلیس ماؤس کی ایک اور اہم قسم وائرلیس ماؤس ہے۔ وائر لیس ماؤس کو کمپیوٹر سے جوڑنے کے لئے کسی کیبل کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

ہم اُمید کرتے ہیں آپ کو "ماؤس" کے بارے میں مکمل آگاہی مل گئی ہوگی۔۔۔

مزید معلومات کیلئے ہمارے اس لنک پر کلک کریں👈🏻

ہماری ویب سائٹ پر آنے کیلئے شکریہ